| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف 'ڑ' | دن: | پہلا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ حرف 'ڑ' کی پہچان کر سکیں۔ اس کی آواز اس کے الفاظ (کوئی سے دو) بتا سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو حروف تہجی کی نظم سنائی جائے گی۔ بچوں سے حروف 'ا تا ڑ' کا تلفظ، آواز اور اشیاء پوچھی جائیں گی۔ | 5 منٹ | فلیش کارڈ | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔ حرف 'ڑ' کا درست تلفظ، آواز اور اس کی اشیاء میں حرف 'ڑ' کی نشاندہی کرنے پر |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو حرف 'ڑ' کا فلیش کارڈ دکھایا جائے گا۔ اور بتایا جائے گا یہ حرف 'ڑ' ہے۔ یہ حروف تہجی کا سولہواں حرف ہے۔ بچوں کو اس کی صوتی آواز بتائی جائے گی۔ بچوں کو بتایا جائے کہ 'ڑ' سے کوئی لفظ شروع نہیں ہوتا۔ بلکہ یہ الفاظ کے درمیان میں اور آخر میں آتا ہے حرف 'ڑ' کے ذخیرہ الفاظ (گڑیا، چڑیا، گاڑی، پہاڑ، گڑ، مکڑی، آڑو) فلیش کارڈ کے ذریعے دکھائے جائیں گے۔ بچوں کو حرف 'ڑ' والی اشیاء پی پی ٹی پر دکھا کے ان کے نام بتائے جائیں گے۔ | 10 منٹ | پی پی ٹی | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو پہاڑ کی ورک شیٹ دی جائے گی۔ اُس کے ساتھ براؤن کریپ پیپر اور گلو دی جائے گی۔ بچوں کو کہا جائے گا کہ براؤن پیپر کے ٹکڑے کاٹ کر پہاڑ پر چسپاں کریں۔ | 20 منٹ | ورک شیٹ، براؤن کریپ پیپر، گلو | |
| | **اختتامیہ**<br>بچوں سے حرف 'ڑ' کا تلفظ اور صوتی آواز پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف 'ڑ' | دن: | دوسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف 'ڑ' کی پہچان کرسکیں۔ اس کی آواز اور اس کے (کوئی چار الفاظ) بتا سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو حروفِ تہجی کی نظم سنائی جائے گی۔ بچوں کو حرف 'ڑ' کا فلیش کارڈ دکھا کر اس کا تلفظ اور صوتی آواز پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ | | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔ حرف 'ڑ' کا درست تلفظ، آواز اور اس کی اشیاء میں حرف 'ڑ' کی نشاندہی کرنے پر |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو 'ڑ' کی نظم سنائی جائے گی۔<br>میری گڑیا پیاری سی گڑیا　　چھوٹی موٹی گڑیا<br>ہستی کھیلتی گڑیا　　ہاتھ ہلاتی گڑیا　　میری گڑیا پیاری سی گڑیا | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو کہا جائے گا کہ کتاب کا صفحہ نمبر 38 کھولیں اور حرف 'ڑ' پر انگلی پھیریں۔ اور حرف 'ڑ' کا اشیاء کے نام بتایئے۔ 'ڑ' کی آواز کی بار بار دہرائی کروایئے بچوں کو کاغذ کی گاڑی بنانے کے لیے پلیٹ کو آدھا کر کے دیا جائے گا۔ اُس کے ساتھ بچوں کو کالے چارٹ پیپر سے کٹے ہوئے پہیے اور کھڑکیاں دی جائیں گی۔ بچوں کو کہا جائے کہ پینٹ برش کی مدد سے پیپر پلیٹ کو رنگ کریں اور جب وہ خشک ہو جائے تو اُس پر پہیے اور کھڑکیاں چسپاں کر کے گاڑی کو مکمل کرنے میں بچوں کی مدد کریں۔ | 20 منٹ | کتاب صفحہ نمبر 38<br>کاغذ کی پلیٹ،<br>کالا/پیلا چارٹ پیپر، پوسٹر کلر، گلو | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں کو تصاویر دکھا کر حرف 'ڑ' کے الفاظ پوچھے جائیں گے۔ | 5 منٹ | | |
| | **گھر کا کام:**<br>بچوں کو 'ڑ' کی چیزوں میں رنگ بھرنے کی ورک شیٹ دی جائے گی۔ | | ورک شیٹ | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف 'ڑ' | دن: | تیسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف 'ڑ' کی پہچان کرسکیں۔ اس کی آواز اور اس کے (کوئی سے چار الفاظ) بتاسکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف 'ڑ' کا تلفظ، اس کی آواز اور اس کی اشیاء کے نام دہرائے جائیں گے۔ 'ڑ' کی نظم دہرائی جائے گی۔ | 5 منٹ | فلیش کارڈ | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔ حرف 'ڑ' کا درست تلفظ، آواز اور اس کی اشیاء میں حرف 'ڑ' کی نشاندہی کرنے پر |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج آپ حرف 'ڑ' کی کہانی سنیں گے۔<br>ثریا کے پاس ایک گڑیا تھی۔ وہ ہر وقت گڑیا سے کھیلتی رہتی تھی۔ ایک دن اُس کے ابو اُس کے لیے گاڑی لے کر آئے۔ اُس کو بہت اچھی لگی۔ اُس نے اپنے ابو سے کہا کہ میں نے گھوڑے کی سیر کرنی ہے۔ اُس کے ابو نے گھڑی دیکھی اور کہا کہ آج مجھے دیر ہوگئی ہے۔ کل چلیں گے۔ پھر وہ دونوں مزے سے آڑو کھانے لگے۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو مختلف تصاور کے فلیش کارڈ دیئے جائیں گے اور اُن سے کہا جائے گا کہ 'ڑ' تصاویر کے فلیش کارڈ الگ کریں۔ بچوں کو 'ڑ' کی ورک شیٹ دی جائے گی۔ جس میں بچے 'ڑ' کو ٹریس کریں گے اور اس میں رنگ بھریں گے۔ | 20 منٹ | تصاویر فلیش کارڈ<br>ورک شیٹ | |
| | **اختتامیہ:**<br>تختہ سفید/سیاہ پر گڑیا، گاڑی، گھڑی، گھوڑا لکھا جائے گا۔ اور بچوں سے کہا جائے گا اس میں ڑ کے گرد دائرہ لگائیں۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف 'ڑ' | دن: | چوتھا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ' حرف 'ڑ ' کی پہچان کرسکیں'۔اس کی صوتی آواز، الفاظ (سات) اور اس کی بناوٹ جان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف 'ڑ' کا تلفظ اُس کی آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام دہرائے جائیں گے۔حرف 'ڑ' کی کہانی کے بارے میں بچوں سے پوچھا جائے گا۔اور اس میں 'ڑ' کے الفاظ پوچھے جائیں گے۔ | 5منٹ | فلیش کارڈ | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا ۔حرف 'ڑ' کا درست تلفظ، آواز اور اس کی اشیاء میں حرف 'ڑ' کی نشاندہی کرنے پر |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم ایسے مزید الفاظ سیکھیں گے جس میں 'ڑ' آتا ہے۔بچوں کو فلیش کارڈ کے ذریعے گڑ، مکڑی، آڑو کی تصاویر دکھائی جائیں گی۔اور بچوں کو ان الفاظ کی ابتدائی آواز بتائی جائے گی۔ | 10منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو Salt Tray کی مدد سے 'ڑ' لکھنے کی مشق کروائی جائے گی۔بچوں کو کتاب کا صفحہ نمبر 39 کھولنے کو کہا جائے گا۔اور اس کی تصاویر کے نام بتانے کو کہا جائے گا۔اور پوچھا جائے گا کیا درخت کی ابتدائی آواز 'ڑ' ہوتی ہے۔بچوں کو 'ڑ' کی تصاویر کے گرد دائرہ لگانے اور 'ڑ' کی درست بناوٹ پر پینسل پھیرنے کو کہا جائے گا۔ | 20منٹ | Salt Tray<br>کتاب صفحہ نمبر 39 | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے مکڑی، گڑ اور آڑو میں پوچھا جائے گا کہ 'ڑ' کہاں آتا ہے۔ | 5منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف 'ڑ' | دن: | پانچواں |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف 'ڑ' کی پہچان کرسکیں۔ اس کی صوتی آواز الفاظ (کوئی سے سات) اور اس کی بناوٹ جان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف 'ڑ' کا تلفظ اُس کی آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام دہرائے جائیں گے۔ حرف 'ڑ' کی کہانی کے بارے میں بچوں سے پوچھا جائے گا۔ اور اس میں 'ڑ' کے الفاظ پوچھے جائیں گے۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم ایسے مزید الفاظ سیکھیں گے جس میں 'ڑ' آتا ہے۔ بچوں کو فلیش کارڈ کے ذریعے گڑ، مکڑی، آڑو کی تصاویر دکھائی جائیں گی۔ اور بچوں کو ان الفاظ کی ابتدائی آواز بتائی جائے گی۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو Salt Tray کی مدد سے 'ڑ' لکھنے کی مشق کروائی جائے گی۔ بچوں کو کتاب کا صفحہ نمبر 39 کھولنے کو کہا جائے گا۔ اور اس کی تصاویر کے نام بتانے کو کہا جائے گا۔ اور پوچھا جائے گا کیا درخت کی ابتدائی آواز 'ڑ' ہوتی ہے۔ بچوں کو 'ڑ' کی تصاویر کے گرد دائرہ لگانے اور 'ڑ' کی درست بناوٹ پر پینسل پھیرنے کو کہا جائے گا۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں سے مکڑی، گڑ اور آڑو میں پوچھا جائے گا کہ 'ڑ' کہاں آتا ہے۔<br>**گھر کا کام:**<br>کاپی میں حرف 'ڑ' پر پینسل پھیریے۔ | 5 منٹ<br>10 منٹ<br>20 منٹ<br>5 منٹ | فلیش کارڈ<br>Salt Tray<br>کتاب صفحہ نمبر 39 | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔ حرف 'ڑ' کا درست تلفظ، آواز اور اس کی اشیاء میں حرف 'ڑ' کی نشاندہی کرنے پر |